India-Kyrgyz Republic Foreign Office Consultations

June 16, 2021

بھارت- جمہوریہ کرغیز کے دفتر خارجہ کے مابین مشاورت

16 جون، 2021

ہندوستان اور جمہوریہ کرغیز کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا 11 واں دور 16 جون 2020 کو ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔ ہندوستانی فریق کی قیادت سکریٹری (مغرب) جناب وکاس سواروپ نے کی، جبکہ کرغیز فریق کی سربراہی جمہوریہ کرغیزستان کے پہلے نائب وزیر خارجہ عالی جناب نوران نیازیلیف نے کی۔

مشاورت کے دوران، دونوں فریقین نے سیاسی، معاشی، تجارتی، دفاعی، ترقیاتی شراکت داری، استعداد سازی، قونصلر امور اور ثقافتی تعاون سمیت متعدد شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔ جون 2019 میں وزیر اعظم مودی کے جمہوریہ کرغیزستان کے دورے کے دوران اٹھائے گئے فیصلوں اور مفاہمت ناموں / معاہدوں پر بروقت عمل درآمد پر خصوصی زور دیا گیا۔

دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، اور اقوام متحدہ اور کثیر الجہتی میدان میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

یہ بات چیت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ دونوں فریقین نے باہمی سہولت کے مطابق معینہ تاریخ پر اگلی مشاورت کو منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

16 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.